نمبر ۴ — جلد (۴۰)
گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZETTE
بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ ماہ رجب المرجب ۱۳۴۶ھ مطابق ۲۳ ماہ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ مستقلی

۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر در بارۂ مستقلی حافظ منصف علی پیشکار مشاہرہ ساٹھ روپیہ باضافہ دس روپیہ یعنی مشاہرہ ستر روپیہ بوجہ ختم میعاد امتحانی بتاریخ ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء و بوجہ خوش اسلوبی کار متعلقہ۔

حکم

بموجب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔ حافظ منصف علی پیشکار کو تاریخ ختم میعاد امتحانی ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء سے باضافہ دس روپیہ ماہوار مستقل کیا جاتا منظور کیا جاتا ہے۔ اب ستر روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔ اس انتظام کے سلسلہ میں ناظر اور اہلمدان اجلاس ہمایون کو اضافے چھ ماہ کے واسطے بطور غیر مستقل بحث تنخواہ سے دیے گئے تھے وہ اضافہ مستقل شامل تنخواہ کیے جائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔ مورخہ ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

بوجہ انتقال پر ملال حکیم محمد اجمل خان صاحب بہادر دولت کے اسٹاف میں عہدہ طبیب خاص خالی ہے۔ اس جگہ پر مرحوم کے فرزند حکیم محمد جمیل خان صاحب کا تقرر منظور کیا جاتا ہے۔ انکو ایکسو روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء سے عملدرآمد کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اخراج اسم

۱۴ جنوری ۱۹۲۹ء

بموجب رپورٹ محمود مظفر خان بی اے کا نام بوجہ غیر حاضری یکم دسمبر ۱۹۲۸ء سے خارج کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرا احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تعرعرض　　　　　　　　　　مسرسانند

جناب عالی

محمود مظفر خان بی اے۔ گریجویٹ کا تقرر ہائی اسکول میں یکم دسمبر ۱۹۲۸ء سے ایک سو روپیہ ماہوار تنخواہ پر بحکم اجلاس ہمایون مصدرہ ۲ نومبر ۱۹۲۸ء ہوا تھا لیکن وہ اب تک اپنی خدمت پر حاضر نہیں ہوئے۔ نہ خطوط کا جواب دیا۔ لہذا انکا نام ملازمت تاریخ تقرر سے خارج ہونے کے قابل ہے۔ عرضداشت باُمید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

دستخط صاحب [illegible]

رخصت

۱۹ جنوری ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید پندرہ یوم عبدالقادر خان افسر کارخانہ جات بوجہ علالت۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ رخصت مزید پندرہ یوم من ابتدا ۱۱ جنوری ۱۹۲۹ء عبدالقادر خان افسر کارخانہ جات منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۱۷ جنوری ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت رعایتی تین ہفتہ محمد یسین خان نقشہ نویس بجلی گھر بوجہ خرابی چشم اور نہ دیے جانے آیندہ رخصت رعایتی سال حال میں

حکم

بموجب رپورٹ یسین خان نقشہ نویس بجلی گھر کی رخصت رعایتی تین ہفتہ منظور ہے۔

سال حال میں آیندہ رخصت رعایتی انبر دہ کو نہیں ملیگی۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایام رخصت میں رخصتی کے کام کا انتظام کر دیا جائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۸ جنوری ۱۹۲۹ء

صاحب سکرٹری بہادر صنعت وحرفت کی عرضداشت ملاحظہ ہوئی جس میں یہ حکم جاری کیا گیا تھا کہ جو ملازم زائد تنخواہ کا بیرون ریاست جائے تو روانگی کی اطلاع اجلاس ہذا میں بھیجا کرے۔ اس حکم کو صاحب [illegible] دربار ومگر افسران جنکے اختیارات سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ وہ اپنے اختیارات [illegible] استعمال میں لاتے ہیں [illegible] حکم مذکور سے صرف غرض یہ کہ ملازمان کی عدم موجودگی شہر اجلاس کے علم میں رہے [illegible] وقت کسی سرکاری کام میں حارج ہو صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات کی عرضداشت [illegible] ۱۹۲۸ء [illegible] منظور کیجاتی ہے کہ جو ملازم [illegible] روپیہ ماہوار تنخواہ یا اس سے زائد کا ہو بیرون شہر جائے تو اسکی اطلاع [illegible] بھیجا جائے اور اس کی رخصت [illegible] کسی اجلاس کی ہو یا کسی مد میں ہو یعنی بایام تعطیلات کی ہو یا بغیر تعطیلات کے اگر کوئی ملازم ہر دو [illegible] حاصل کر کے [illegible] روانگی کی اطلاع بھی بھیجا کرے [illegible] نہیں ہے۔ حکم ہوا کہ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

اضافہ

۱۲ جنوری ۱۹۲۸ء

مثبتہ تحریر صاحب جج خفیفہ دربارہ اضافہ تنخواہ منشی اشرف علیخان ناظر اجلاس بوجہ زیادتی کار دکی تنخواہ۔

حکم

اشرف علیخان ناظر خفیفہ کو [illegible] مع الاؤنس ملتے ہیں۔ آیندہ انکو [illegible] ماہوار تنخواہ ملیگی۔ اور الاؤنس مسدود ہوگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

۱۷ جنوری ۱۹۲۹ء

مثبتہ درخواست رجسٹرار صاحب صدر مورخہ ۱۴ جنوری ۱۹۲۸ء مع سارٹیفکٹ ڈاکٹری دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی [illegible] بوجہ اثر مرض لقوہ۔

حکم

رجسٹرار صاحب صدر چونکہ پرانے ملازم ہیں۔ انھوں نے بحالت ابتلاء مرض لقوہ یہ درخواست نسبت رخصت پندرہ یوم رعایتی بتبدیل ڈاک مع سارٹیفکٹ ڈاکٹری بھیجی ہے۔ وہ چار یوم کی رخصت لیکر وطن گئے تھے انکی رخصت میں محافظ دفتر

دیوانی منشی عزیز اللہ خان رجسٹری صدر ۱۰۰ اور منشی دولہ خان خوشنویس مطبع کا کام کر رہے ہیں۔ لہذا حکم ہے کہ ۱۵ جنوری ۱۹۲۸ء سے رخصت رعایتی ۱۵ یوم رجسٹرار صاحب مذکور کی منظور کیجاتی ہو۔ کام کا انتظام بدستور رہیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور عرضداشت اطلاعی اجلاس ہمایون میں مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

اضافہ

۱۹ جنوری ۱۹۲۸ء

مثنۂ تحریر صاحب مجسٹریٹ ضلع۔ دربارہ اضافہ تنخواہ منشی نور احمد پیشکار عدالت پنچ بلحاظ محنت و مستعدی۔

حکم

حسب سفارش صاحب مجسٹریٹ۔ منشی نور احمد پیشکار عدالت پنچ کی تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

رخصت

۱۲ جنوری ۱۹۲۸ء

مثنۂ تحریر صاحب سشن جج۔ دربارہ منظوری رخصت ۱۵ یوم تصدق حسین نقل نویس صیغہ دیوانی بوجہ علالت بطور رخصت رعایتی مع الفاصل از ۱۵ جنوری ۱۹۲۸ء بذمہ داری سید ظل اکبر معاون

حکم

تصدق حسین خان نقل نویس دیوانی کی رخصت رعایتی بسبب علالت ۱۵ یوم بذمہ داری سید ظل اکبر معاون منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

اضافہ

۱۲ جنوری ۱۹۲۸ء

حسب سفارش ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول۔ مولوی مستجاب الدین شمسہ مولوی ہائی اسکول کی موجودہ تنخواہ سولہ روپیہ ماہوار میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

تبادل و تقرر

۱۰ جنوری ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ مدرسین کی برخاستگی و تقرر و تبادل کا

حسب ذیل انتظام منظور کیا گیا۔ اس انتظام پر عملدرآمد بعد تعطیل امتحان سالانہ ہوگا۔

۱۔ ٹیکا رام مدرس چھپرا تحصیل سوار بوجہ خرابی کام برخاست کیا گیا۔

۲۔ امیر علی مدرس مدرسہ کیمری تحصیل سوار مدرسہ چھپرا کو تبدیل کیا گیا۔ امیر علی بیستور اپنی موجودہ تنخواہ پائیگا۔

۳۔ وارث علی خان مدرس کاشی پور پرگنہ حضور تحصیل تنخواہ دار لعہ ماہوار مدرسہ کیمری تحصیل سوار کو تبدیل کیا گیا۔

۴۔ فخر الدین مدرس کرا تحصیل شاہ آباد تنخواہ دار لعہ ماہوار مدرسہ کاشی پور پرگنہ حضور تحصیل میں تبدیل کیا گیا۔

۵۔ مدرسہ کرا تحصیل شاہ آباد میں یوسف علیخان سوئم پاس کا تقرر دس روپیہ ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

تبادل

۱۰ جنوری ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نظیر احمد خان مدرس سنگرہ پرگنہ حضور تحصیل تنخواہ دار لعہ ماہوار مدرسہ جھوٹیا پرگنہ حضور تحصیل میں۔ اور شاہ عالم خان مدرس جھوٹیا پرگنہ حضور تحصیل مدرسہ سنگرہ پرگنہ حضور تحصیل کو تبدیل کئے گئے۔ اس انتظام کا عملدرآمد بعد تعطیل امتحان سالانہ ہوگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات

اضافہ

۱۵ جنوری ۱۹۲۸ء

مثنۂ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری دربارہ اضافہ سات روپیہ ماہوار در تنخواہ سید اظہر علی پیشکار صیغہ آبکاری شاہرہ دار لعہ بوجہ قلت تنخواہ و حسن انجام دہی خدمات متعلقہ۔

حکم

صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری۔ سید اظہر علی پیشکار صیغہ آبکاری شاہرہ دار تئیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں سات روپیہ ماہوار کی سفارش کرتے ہیں جو زیادہ معلوم ہوتا ہے۔ لہذا حسب سفارش صاحب موصوف نا برد

موجودہ تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے حسب ضابطہ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

ضمانہ

۱۴ - جنوری ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ اضافہ صاحبزادہ سید شجاع اللہ خاں گرداور۔

حکم

صاحبزادہ سید شجاع اللہ خاں گرداور کا حسب رپورٹ میونسپل افسر صاحب معلوم ہوا کہ عرصہ سے اضافہ نہیں ہوا ہے۔ اور کام متعلقہ نہایت محنت سے انجام دے رہے ہیں اور حاضری کا کام بھی نہایت اسلوبی سے ہو رہا ہے۔ اس لئے حسب سفارش تنخواہ موجودہ میں مبلغ دو روپیہ ماہوار اضافہ دیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

نقشہ اجناس ریاست رامپور - ماہ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء ہفتۂ سوم

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۱۲ ر ۸ ۰ ر / ۷ ۸ ر	۷ ۱۲ ر	۸ ۱۲ ر	۰	۰	۸ ۱۲	
نخود خالص	۱۲ ۰ ر	۱۲ ۰ ۱۲ ر	۱۲ ۰ ر	۰	۰	۸ ۱۲ ر	
نخود کسہ	۱۲ ۰ ۱۲ ر	۰	۸ ۱۲ ر	۰	۰	۹ ۰ ۱۲ ر	
کسہ	۸ ۱۲ ر	۰	۹ ۱۲ ر		۰	۹ ۱۲	
ماش	۷ ۰ ۱۲ ر	۷ ۱۲ ر	۷ ۱۲ ر	۰	۰	۷ ۱۲	
مونگ	۶ ۱۲ ر	۶ ۱۲ ر	۶ ۰ ر	۰	۰	۶ ۰ ۱۲	
مکا	۱۱ ۱۲	۱۰ ۱۲ ر	۱۱ ۱۲ ر	۰	۰	۱۱ ۱۲	
مونگ	۱۴ ۱۲ ر	۷ ۷	۶ ۰ ۱۲ ر	۰	۰	۱۴ ۱۲	
مکا	۱۱ ۱۲ ر	۱۰ ۱۲ ر	۱۱ ۱۲ ر	۰	۰	۱۱ ۱۲	
جئی	۱۳ ۱۲ ر	۰		۰	۰	۱۱ ۱۲	
[illegible]	۱۲ ۱۲	۰	۰	۰	۰	۱۰ ۱۲ ر	
[illegible]	۵ ۰ ۱۲ ر	۰	۰	۰	۰	۴ ۱۲ ر	
ارہر	۶ ۱۲	۰	۰	۰	۰	۶ ۱۲	
برنج	۵ ۰ ۱۲	۵ ۱۲ ۶ ۱۲	۶ ۱۲ ر	۰	۰	۶ ۱۲	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۰	۲ چھٹانک	۰	۰	۲ ۰	
روغن سرسوں	۱ ۰ ر	۱ ۰ ۰ ر	۱ ۰ ر	۰	۰	۱ ۰ ۱۲ ر	
روغن کنجد	۱ ۲ ۱۲ ر	۱ ۱ ۱ ۱۲ ر	۱ ۱۲ ر	۰	۰	۱ ۱۲ ر	
نمک سانبھر	۱۳ ۱۲ ر	۱۳ ۱۲ ر	۱۴ ۱۲ ر	۰	۰	۱۳ ۱۲ ر	
نمک لاہوری	۷ ۱۲	۸ ۱۲ ر	۷ ۱۲	۰	۰	۸ ۰ ۱۲	
قند سیاہ	۶ ۰ ۱۲	۷ ۱۲ ۸ ۱۲ ر	۷ ۰ ر	۰	۰	۸ ۱۲ ر	
باجرہ	۹ ۰ ۱۲	۹ ۱۲ ر	۱۰ ۱۲	۰	۰	۹ ۱۲	